# پریس ریلیز

گوجرانوالہ 04 اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ یوم شہداء پولیس آج کا دن شہیدوں، مجاہدوں اور غازیوں کے نام ہے جو مادر وطن کے دفاع کے لئے فولاد کی مانند سینہ سپر ہیں۔ دشواریاں جتنی بھی ہوں، قربانیاں چاہے کتنی بھی درکار ہوں، ہماری پولیس کے جوانوں کا حوصلہ بلند اور عزم لازوال ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے۔ نیز امن کی بقاء اور وطن کی حفاظت کی خاطر جام شہادت نوش کرنے والے پولیس شہیداء کو میں سلام پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار پولیس لائن گوجرانوالہ میں یوم شہداء پولیس کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے بعد مختلف ٹی وی چینلز کو انٹرویو کے دوران کیا۔ جبکہ تقریب کی صدارت آر۔ پی۔ او گوجرانوالہ ڈاکٹر حیدر اشرف نے کی اس موقع پر کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد شرازی، سی پی گوجرانوالہ رانا محمد ایاز سلیم و دیگر سینئر پولیس آفیسر کے علاوہ شہداء پولیس کی فیملیوں سمیت مختلف مکاتبہ فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔

انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں دہشتگردی، چوری، اور مختلف جرائم کی روک تھام کیلئے پولیس کے جری جوانوں نے بھرپور کردار ادا کیا۔ بلاشبہ پولیس کے جوانوں نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا ہم شہداء کے لواحقین کے خصوصی طور پر احسان مند ہیں جو قوم کے ان بیٹوں کے وارث ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت ہم آج ایک آزاد فضاء میں سانس لے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کا صلہ تو ادا نہیں کر سکتے تاہم ہم ان کی شجاعت و بہادری کا اعتراف کرتے ہوئے یہ دعا ضرور کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے ایثار عظیم کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ میں شہداء کے وارثان کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے ساتھ ہر سطح پر مکمل تعاون کریں گے۔